مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

Master of Social Work, IV Semester Examination, July 2023

Paper Code & Title: MWSW401CCT Advance Theory of Social Work

کل نمبرات: 70 | وقت: 3 گھنٹے

ہدایات: یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ تمام حصّوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

۱۔ حصہ اوّل میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات / خالی جگہوں کو پر کرنا / مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے اور ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ 10x1=10 Marks

۲۔ حصہ دوم آٹھ سوالوں پر مبنی ہے۔ اور اس میں طالب علموں کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے لازمی ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دو سو لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ 6x5=30 Marks

۳۔ حصہ سوم میں پانچ سوالات دیے گئے ہیں۔ ان میں سے طالب علموں کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے لازمی ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً 500 لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ 3x10=30 Marks

حصہ اول

سوال نمبر1:

i) سوشل ورک کی کون سے عالمی تعریف میں مقامی علوم کا ذکر کیا گیا ہے؟

ii) پیشہ ورانہ سوشل ورک کی کون سی خصوصیت صحیح نہیں ہے؟

A- مخصوص علم B- تھیوری کا نہ ہونا C- پسماندگی کے ایشوز کو ایڈریس کرنا D- اخلاقیات اور اقدار کا مجموعہ

iii) کنفلکٹ تھیوری کے بنیادی اصولوں میں شامل ہے:

I- سماج کا تاریخی تجزیہ

II- معاشی ملکیت اور پیدوار

III- کلاس اسٹرگل

IV- سماجی اور معاشی غیر برابری

A- II اور III B- I، II اور IV C- I، II، III اور IV D- III اور IV

iv) سائیکوڈائنمک تھیوری کے مفکرین کے حوالے سے کون سا جواب صحیح ہے؟

I- فرد اپنے سیلف کے لیے فکر مند رہتا ہے

II- فرد خوش اور مطمئن رہنا چاہتے ہیں

III- فرد کی خوشی اور اطمینان کے ڈرائیوز (محرکات) مختلف ہیں۔

IV- فرد کی شخصیت وقت کے ساتھ تشکیل پاتی ہے۔

A- II اور III B- I، II اور IV C- III اور IV D- I، II، III اور IV

v) صحیح جواب کا انتخاب کریں؟

A- مشیل فوکو (علم اور اقتدار)، پاؤلو فریرے (فہم عامہ) انٹونیو گرامشی (تنقیدی تعلیم) جوہن گالٹنگ (تشدد کے مختلف اقسام)

B- مشیل فوکو (علم اور اقتدار)، پاؤلو فریرے (تنقیدی تعلیم) انٹونیو گرامشی (ثقافتی تشدد تشدد) جوہن گالٹنگ (فہم عامہ اور زبان کی بالادستی)

C- مشیل فوکو (علم اور اقتدار)، پاؤلو فریرے (تعلیم اور تنقیدی شعوری عمل) انٹونیو گرامشی (فہم عامہ اور زبان کی بالادستی) جوہن گالٹنگ (تشدد کے مختلف اقسام)

D- مشیل فوکو (علم اور اقتدار)، پاؤلو فریرے (تنقیدی تعلیم) انٹونیو گرامشی (مختلف اقسام کے تشدد) جوہن گالٹنگ (فہم عامہ اور زبان کی بالادستی)

vi) گاندھی کے مطابق ستیہ گرہ کس طرح کا ہتھیار / آلہ کار ہے؟

vii) ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کی کسی ایک تصنیف کا نام لکھیں؟

viii) کارل مارکس کی تھیوری کے مطابق ہم کس طرح کے معاشی دور میں رہ رہے ہیں؟

A- جاگیر دارانہ نظام میں　B- منصبداری کے نظام میں　C- سرمایہ دارانہ نظام میں　D- نو آبادیاتی نظام میں

ix) فکشن کا استعمال سوشل ورک کی تعلیم و تدریس میں نہیں کیا جانا چاہیے۔ صحیح / غلط

x) سرسید احمد خان.... صدی کے اور مولانا ابوالکلام آزاد.... صدی کے جدید تعلیمی مفکرین تھے؟

حصہ دوم

2- ہندوستان میں سوشل ورک کی پیشہ ورانہ بحث کو مختصر طور پر لکھیں۔

3- انٹرنیشنل سوشل ورک کے تصور کی بحث کا ناقدانہ جائزہ پیش کریں۔

4- سائیکوڈائنمک تھیوری کو جائزہ پیش کریں۔

5- لرننگ تھیوریز کے حوالے سے کسی ایک مکتب فکر کا خیال درج کریں۔

6- پاؤلو فریرے کی پیش کردہ تھیوری کی روشنی میں ہندوستان کے اعلی تعلیمی اداروں میں رائج درس و تدریس کے طریقوں کا تنقیدی جائزہ لیں۔

7- گرامشی کے خیالات کو سوشل ورک کی تعلیم میں استعمال پر ایک نوٹ لکھیں۔

8- مولانا آزاد اور سرسید کے جدید تعلیمی افکار پر نوٹ لکھیں۔

9- گاندھی جی کے عدم تشدد اور تصور ہندوستان کو بیان کریں۔

حصہ سوم

10- سوشل ورک میں مقامی علوم کی بحث کو درج کریں۔

11- فیلڈ میں فکشن اور ادب کے استعمال کو تفصیلی طور پر درج کریں۔

12- کنفلکٹ تھیوری کے تصورات کو کو موجودہ ہندوستانی پس منظر میں واضح کریں۔

13- ہماری روزمرہ کی زندگی میں مشیل فوکو کے تصورات کے اطلاق کو مثالوں کے ساتھ بیان کریں۔

14- ہندوستانی سماج میں ذات پات کے خاتمہ کے لیے ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کے خیالات کو مثالوں کی مدد سے لکھیں۔